01/10/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید مبشر رُفائی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........ وزیر اعظم نریندر مو دی نے قوم کی تعمیر اور سماج کو با اختیار بنانے میں RSS کے رول کو کیا اُجاگر۔

*........ مرکزی سرکار کے ملازمین اور پنشنروں کے حق میں3فیصد اضافی مہنگائی بھتے کو مرکزی کا بینہ کی منظوری۔

*........جمونو کشمیر پولیس یوٹی میں امن بحال کرنے اور ملک کی یکجہتی کو برقرار رکھنے کےلئے کر رہا ہے بے مثال کام// ایل جی منوج سنہا۔

اور

*........ ملک میں مذہبی جوش خروش کے ساتھ آج منایا جارہا ہے مہانومی کا تہوار۔

RSSمو دی

آر ایس ایس کی سد Swayamsevak Sangh وزیر اعظم نریندر مو دی نے آج نئی دلی میں راشٹریہ سالہ تقریبات میں شرکت کی۔ یہ تقریبات آر ایس ایس کی تاریخ اور ملک کی یکجہتی کو برقرار رکھنے میں آر ایس ایس کے رول کو اُجاگر کرتی ہے۔ تقریب سے خطاب کر تے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ آر ملک کی تعمیراور سماج کو با اختیار بنانے کےلئے Sangh ایس ایس کے سو سال مکمل ہوئے ہیں اوریہ بے مثال کام کر رہا ہے۔

RSS گورو

کی صد سالہ تقریبات کے موقعے پر 100روپے RSS بی جے پی جمونو کشمیر کے ترجمان گورو گپتانے کا ایک یادگاری سکہ اور خصوصی ٹکٹ جا ری کرنے کے لئے وزیر اعظم نریندر مو دی کی تعریف کی۔

PM

وزیر اعظم نریندر مو دی کی صدارت میں منعقدہ مرکزی کا بینہ کی ایک میٹنگ کے دوران کئی اہم فیصلوں کو منظوری دی گئی۔ کا بینہ نے مرکزی ملازمین اور پنشنروں کے حق میں مہنگائی بھتے میں تین فیصد اضافے کو منظوری دی ہے۔

کابینہ نے ملک میں5ہزار8سو63 کروڑ روپے کی لاگت سے57نئے کیندر ودھیالئے کھولے جانے کو بھی منظوری دی ہے۔ اس کے علاوہ میٹنگ کے دوران دالوں میں آتم نر بھر مشن کو بھی ہری جھنڈی دکھائی گئی۔

LGپولیس

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموںو کشمیر میں امن بحال کرانے اور ملک کی یکجہتی کو برقرار رکھنے میں جموںو کشمیر کے پولیس کے رول کو اُجاگر کیا ہے۔ سرینگر میں20ویں جموںو کشمیر پولیس میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب کر تے ہوئے ایل جی نے کہا کہ Martyr's جموںو کشمیر پولیس مختلف پروگراموں کے ذریعے سے نوجوانوں کو با اختیار بنانے میں بھی قابل ستائش کام کر رہا ہے۔

سیوا پرو

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت، سیوا اور سشاسن یعنی عوامی خدمت اور بہتر حکمرانی کے منتر پر قدم بڑھاتے ہوئے
بدلاو

---

اور تر قی کیلئے انتھک کوشش کر رہی ہے۔ ۂ

سیوا پروکے عنوان سے متعلق خصوصی سیریز میں آج ہم وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت کامیابی کو اُجا گر کرنے کی کاوشوں کو پر روشنی ڈال رہے G-20میںحکومت کی طرف سے بھارت کی ہیں۔

پیش ہے آکاشوانی نیوز ڈیسک کی یہ ر پورٹ۔

طبی کیمپ

سیوا پرو 2025کے تحت آکاشوانی سرینگر نے آج چسٹ ڈیزیز اسپتال سرینگر کے اشتراک سے سٹیشن میں اپنے عملے کےلئے ایک مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا۔ چسٹ ڈیزیز اسپتال میں شعبے کے سربراہ ڈاکٹر نوید نذیر کی قیادت میں ڈاکٹروں کی ایک ٹیم اور نیم طبی Pulmonology عملے نے ملازمین کی جانچ کی اور علاج و معالجہ کیا۔ بعد میں آکاشوانی نیوزسرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے ڈاکٹر نوید نذیر نے کہا۔

آکاشوانی سرینگر کے پروگرام ایگزیکٹیو ڈاکٹر ستیش وِمل نے اس کیمپ کے انعقاد میں اپنا تعاون دینے کےلئے ڈاکٹروں کی اس ٹیم کا شکریہ ادا کیا ہے۔

اعجاز / پرو

دیہی ترقی اور پنچایتی راج محکمے کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد نے آج جموں میں کوشل پرو2025کا افتتاح کیا۔

BJPپکھواڑہ

بی جے پی جمونو کشمیر کی طرف سے سیوا پکھواڑہ کے تحت آج نروال منڈی جموں میں مزدور طبقے کےلئے ایک مفت آئی چک اپ کیمپ کا انعقاد کیا گیا ۔ اس موقعے پر پارٹی کے صدر اور کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

پاسپورٹ آفس

پاسپورٹ دفتر سرینگر میں راشٹریہ باشا ہندی کو فروغ دینے کی غرض سے کامیابی کے ساتھ ہندی پکھواڑہ اختتام پذیر ہوا۔

CM

وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت لوگوں کے ساتھ کئے گئے تمام وعدوں کو پورا کرنے کےلئے پر عزم ہے۔ اننت ناگ ضلعے میں15واٹر سپلائی سکیموں کا افتتاح کرنے کے بعد لوگوں سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ حکومت لوگوں کی راحت رسانی کرنے اور ان کے معیار زند گی میں بہتری لانے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرے گی۔ انہوننے کہا کہ تمام شعبوں میں ترقیاتی عمل کو دوام بخشنے کے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

GST

اصلاحات لاگو ہونے کے بعد کیمیائی کھادیں، قابل تجدید توانائی میں کام آنے والی GST ملک میں نئی مصنوعات اور ٹیکسٹائل سیکٹر میں استعمال ہونے والے دھاگے بھی سستے ہو گئے ہیں۔ اس تعلق سے پیش ہے یہ پیغام۔

راجناتھ سنگھ

اصلاحات کا براہ GST وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ حکومت کی طرف سے شروع کی گئی اصلاحات کو ایک مثبت قدم GST راست اثر دفاعی سیکٹر میں سامان کی خریداری پر پڑے گا۔ انہوننے کی شرحیں کم ہونے سے دفاعی سیکٹر میں زیادہ سے زیادہ خریداری ممکن ہو GSTدیتے ہوئے کہا کہ گی۔ وہ آج نئی دلی میں ڈیفنس اکاونٹ ڈیپارمنٹ ڈے کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

NCCڈی جی

نے لیفٹنٹ جنرل گربیر پال سنگھ کی جگہ نیشنل Virendra Vatsلیفٹنٹ جنرل
کیڈ

---

نے37سال پر محیط اپنے Virendra Vatsٹ کور کے ڈائریکٹر جنرل کا عہدہ سنبھالا ہے۔لیفٹنٹ جنرل©
کیئریر میں بھارتی فوج میں کئی اہم عہدوں پرفرائض انجام دیئے ہیں۔

NCC

سرینگر NCCسرینگر کے گروپ کمانڈر برگیڈئیر دیپک سجن ہار نے آج مانسبل کا دورہ کر کے وہاںNCC
کیمپ کا معائنہ کیا۔Sailing کے نیول یونٹ کے اہتمام سے منعقدہ

NCCکیمپ

جمونو کشمیر اور لداخ سے تعلق رکھنے والے34 کیڈٹس نے ملٹری اسپتال جموں میں18سے29ستمبر
تک منعقدہ ملٹری ہاسپٹل اٹیچمنٹ کیمپ میں شرکت کی۔ کیمپ کے دوران ناگہانی آفات، طبی نگہداشت
اور دیگر اہم امور کے بارے میں کیڈٹس کو تربیت دی گئی۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشو انی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

دُر گا نومی

آج ملک کے مختلف حصوں میں دُرگا نومی جسے عرف عام میں مہا نومی بھی کہا جاتا ہے، کا تہوار
پورے مذہبی جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ آج ہی نوراتری تہوار کا 9واں اور آخری دن بھی
ہے۔ اس سلسلے میں آج مندروں میں شردھالوں کا تانتا بندھا رہا، جہاں انہوننے دُرگا پوجا میں حصہ لیا۔

LGمبارک

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے مہا نومی کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں انہوننے
اُمید ظاہر کی کہ یہ تہوار ہم سب کےلئے ترقی اور خوشحالی کی نوید لے کرآئے ۔

نیشنل کانفرنس صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور پارٹی کے نائب صدر و وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ نے بھی
لوگوں بالخصوص کشمیری پنڈت برادری کو مہا نومی کے موقعے پر مبارکباد دی ہے۔

گرگ مبارک

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے مہا نومی کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں انہوننے جمونو کشمیر کے لوگوں کی ترقی ، خوشحالی اور فلاح و بہبود کےلئے دعا کی۔

مہانومی مبارک

مہا نومی کے موقعے پر کئی دیگر شخصیات نے بھی لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ انہوننے اپنے پیغامات میں لوگوں کےلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

IICT

انڈین انسٹی چیوٹ آف کارپٹ ٹیکنالوجی سرینگر نے سلک کارپٹ ووِنگ ٹریننگ پروگرام شروع کیا ہے۔ سرینگر کے ڈائریکٹر زُبیر احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے IICT اس حوالے سے ہوئے کہا۔

بزرگ دن

آج بزرگ افراد کا بین الاقوامی دن ہے۔ یہ دن ہر سال سماج میں بزرگ افراد کے رول نیز انہیں درپیش مسائل اور انکے حقوق کو اُجاگر کرنے کےلئے منایا جاتا ہے۔

BJPکیمپ

بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر نے امفلا جموں میں بزرگ شہریوں کےلئے ایک ڈسپنسری اور فیزو تھرپی کلنک کا افتتاح کیا۔

ست شرما

بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر ست شرما نے آج جموں میں ایک پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ بھارت کو دنیا کے تیسری بڑی معیشت بنانے کےلئے سودیشی اور آتم نر بھرتا سے متعلق بڑی مہم چلائی جانی چاہئے۔ انہوننے کہا کہ آتم نر بھر بھارت سنکلپ ابھیان 25ستمبر کو شروع ہوا تھا اور 25دسمبر تک جا ری رہے گا۔

محبوبہ مفتی

گراؤنڈ برزلہ کا MATپی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی نے آج چھتہ بل علاقے میں ڈیری فارم گراؤنڈ اور دورہ کیا۔ انہوننے فوج کے کور کمانڈر اور جمونو کشمیر پولیس کے ڈائریکٹر جنرل سے اپیل کی ہے کہ وہ ان میدانوں کو نوجوانوں کی کھیل کود کےلئے وقف رکھیں۔ انہوننے کہا کہ نوجوانوں سے کھیل کے میدان چھیننے سے وہ سماجی بدعات کی طرف راغب ہوجائیں گے۔

NC

اسپتال رعناواری سرینگر میں خون کے JLNMنیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے آج عطیہ کے کیمپ کا افتتاح کیا۔ اس موقعے پر انہوننے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ خون کا عطیہ دے کر قیمتی جانیں بچانے میں اپنا رول ادا کریں۔

سلمان ساگر نے آج بڑھ پورہ بلاک کے کارکنوں MLAدریں اثناءپارٹی کے نائب صوبائی صدر کشمیر اور کے ایک اجلاس کے دوران تنظیمی سرگرمیوں اور پارٹی پروگراموں کا جائزہ لیا۔

ہماری ذمہ داری

سماج کے ضرورت مند اور مفلوک الحال طبقے کے لوگوں کی مدد کرنا اور ان کے معیار حیات میں بہتری لانا ہم سب کی اولین ذمہ داری ہے ۔ پیش ہے اس تعلق سے وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

صاحب ثروت اور آسودہ حال لوگ اپنی ذمہ داریوں کو نبھاتے ہوئے ان لوگوں کی زندگیوں میں مثبت بدلاؤ لا سکتے ہیں۔ اس حوالے سے مڈل سکول ہاجن کے ہیڈ ماسٹر عبدالعزیز نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

حلیم

جمونو کشمیر وقف بورڈ کے ممبر ڈاکٹر غلام نبی حلیم نے بنہ پورہ اور رٹھسن بیروہ میں لوگوں کو پینے کا پانی مہیا نہ ہونے پر افسوس کا اظہار کر تے ہوئے جل شکتی محکمے پر زور دیا ہے کہ وہ علاقے کے لوگوں کو پانی فراہم کرنے کےلئے پورے انتظامات کریں۔

موسم/ مختار

جمونو کشمیر میں اگر چہ مو سم فی الحال خشک اور خوشگوار ہے تاہم4اکتوبر کی شام سے موسم ایک مرتبہ پھر کروٹ لے سکتا ہے۔ آئندہ موسمی صورتحال کے بارے میں سرینگر میں محکمہ موسمیات کے سربراہ ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

درجہ حرارت

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 28اعشاریہ3ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت12اعشاریہ2ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33اعشاریہ5ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24اعشاریہ5 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر26 منٹ پر اور

غروب آفتاب شام6بجکر14منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت// خدا حافظ

.........................................

...................

.......